KATHY HOCHUL گورنر | **فوری ریلیز کے لیے:** 2023/7/12

گورنر HOCHUL کا جدید ترین مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کے افتتاح کا اعلان

اپنی نوعیت کا اولین مرکز سنگین موسمی کیفیات سے قبل، اس دوران اور بعد ازاں فیصلہ سازی کو تقویت بخشے گا

$1.5 ملین کی سالانہ سرمایہ کاری سنگین موسم کے بارے میں عوام سے ابلاغ میں بہتری لائے گی

گورنر Kathy Hochul نے البانی یونیورسٹی میں ریاست نیو یارک کے مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کی تخلیق کا اعلان کیا ہے، یہ یونیورسٹی کے محققین اور ریاستی ہنگامی منتظمین کے مابین اپنی نوعیت کا اولین عملی تعاون ہے۔ $1.5 ملین کی سالانہ سرمایہ کاری کے ذریعے، یہ مرکز سنگین موسم کی اطلاعات کے لیے رابطہ پل کا سا کردار ادا کرے گا اور کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے ہنگامی منتظمین کو زیادہ آگہی کے ساتھ، بروقت فیصلہ سازی کے لیے نئے طریقہ جات کی تیاری میں مدد دے گا۔ مرکز یہ جانچ بھی کرے گا کہ ریاست اور اس کے شراکت دار سنگین موسمی کیفیات سے وابستہ خطرات کے بارے میں عوام سے کیسے ابلاغ کرتے ہیں اور ان پیغامات میں کیسے بہتری لائی جا سکتی ہے۔

"نیو یارک کے باشندگان بخوبی جانتے ہیں کہ موسمی تبدیلیاں ہماری ریاست بھر میں زیادہ کثرت کے ساتھ، شدید نوعیت کے اور غیر متوقع طوفانوں کا باعث بن رہی ہیں، اور ردعمل دینے میں مدد کے لیے ہمیں جدید تصورات کی ضرورت ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جیسا کہ ہمیں سنگین موسمی کیفیات کے بڑھتے ہوئے خطرات درپیش ہیں، ایسے میں مجھے نیو یارک کے مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کے قیام پر فخر محسوس ہو رہا ہے تاکہ ہنگامی کیفیات کے لیے ہماری تیاریوں کو تقویت مل سکے اور نیو یارک کے باشندگان کو اس سے قبل، اس دوران اور بعد میں زیادہ باخبر اور محفوظ رکھا جا سکے۔"

یہ مرکز بالخصوص قومی موسمی خدمت (National Weather Service، NWS) کی جانب سے فراہم شدہ اعلیٰ معیار کی پیشنگوئیوں اور ریاستِ نیو یارک میزونیٹ (New York State Mesonet) کے اضافی ڈیٹا کو اہم بنیادی ڈھانچے کے بارے میں زمینی معلومات کے ساتھ یکجا کرے گا تاکہ ہنگامی منتظمین کی مخصوصی ضروریات کے مطابق فیصلہ سازی میں معاون نئے طریقہ جات ترتیب دیے جا سکیں۔مثال کے طور پر، ستمبر میں آنے والا شدید طوفان جس نے نیو یارک شہر میں محض 24 گھنٹے کے اندر سات انچ سے زیادہ بارش برسائی تھی، یہ مرکز اس قابل ہوا ہوتا کہ شہر کے نکاسی آب کے بارے میں ڈیٹا اور اس کی صلاحیت سمیت موسم کے بارے میں تازہ ترین مشاہدات کے حامل بروقت نقشے تخلیق کر سکے تاکہ یہ نشاندہی کی جا سکے کہ کہاں اور کیسے سیلابی کیفیت پیدا ہونے کا امکان ہے اور کب انخلاء ضروری ہو سکتا ہے۔مزید برآں، یہ مرکز برفانی طوفان سے قبل اور اس دوران پیشنگوئیوں اور میزونیٹ ڈیٹا پر نگاہ رکھے گا تاکہ سڑکوں کی سطح کے درجۂ حرات کو فہرست کر سکے اور سڑکوں کی پیشگی مرمت کی منصوبہ بندی میں آگہی فراہم کر سکے۔

اس مرکز کی معاونت محض ریاستی سطح کے ہنگامی منتظمین کے لیے مخصوص نہیں ہو گی۔ اس کے وسائل اور مہارتیں نیو یارک میں موجود دیگر ایسے سرکاری اداروں کے لیے بھی دستیاب ہوں گی جنہیں موسم سے متعلقہ فیصلہ سازی میں معاونت کی ضرورت ہو، بشمول مثال کے طور پر اسکول سپرنٹنڈنٹس جنہیں اسکول کی بندشوں کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے معاونت درکار ہوتی ہے۔

جس وقت سنگین موسم کی پیشنگوئی نہیں ہو گی، اس وقت SWRCC ریاست کے ساتھ قریب سے کام کرے گا تاکہ موسم کے بارے میں ہنگامی تربیت اور ورکشاپ کر سکے، اور اس کے ساتھ ساتھ موسمی ہنگامی کیفیات میں عملی کارروائی کے بعد کے تجزیے کے لیے تیاری کر سکے اور یہ جائزہ لے گا کہ ریاست اور اس کے شراکت دار انتہائی موسمی کیفیات سے وابستہ خطرات کے بارے میں کیسے ابلاغ کرتے ہیں۔

البانی یونیورسٹی کے صدر Havidán Rodríguez نے کہا کہ، "جیسا کہ نیو یارک کے باشندگان کو موسمی تبدیلی کی وجہ سے سنگین موسمی کیفیات کا زیادہ کثرت کے ساتھ تجربہ ہو رہا ہے، البانی یونیورسٹی کو فخر ہے کہ وہ یہ یقینی بنانے کے لیے ریاستِ نیو یارک کے ساتھ شراکت داری کر رہی ہے کہ ہمارے آب و ہوا اور موسمی محققین کی مہارتیں ہنگامی منتظمین اور جان و مال کے تحفظ کے لیے ذمہ دار اولین ردعمل دہندگان کے لیے کلی طور پر دستیاب ہیں۔ ریاستی مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کے اجراء کا سہرا موسمی تبدیلیوں سے وابستہ خطرات کے حوالے سے گورنر Hochul کی مستقبل بینی پر مبنی سوچ کو جاتا ہے، جو کہ اس بات کا ایک نمونہ ہے کہ یونیورسٹیز کیسے تحقیق کو حقیقی دنیا کے قالب میں ڈھال سکتی ہیں اور یہ نیو یارک کو زیادہ محفوظ، زیادہ باخبر اور زیادہ لچکدار بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔"

ریاستی مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کے ڈائریکٹر Nick Bassill نے کہا کہ، "نیو یارک پہلے سے ہی وہ تمام لوازمات رکھتا ہے جو کہ موسم کے بارے میں معلومات کو روزمرہ زندگی کی فیصلہ سازی میں ضم کرنے کے ضمن میں اسے قومی رہنما بنانے کے لیے درکار ہیں، اور ہمارے ریاستی مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات کے ذریعے اسے ممکن بنانے میں مدد دینے پر میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ ہی نہیں۔ ہم قومی موسمی خدمت کی شاندار خدمات کے نقش قدم پر چلیں گے اور ہنگامی انتظامات، نقل و حرکت اور توانائی کے شعبوں میں موجود اپنے ریاستی شراکت داروں کے ہمراہ شانہ بشانہ کام کریں گے تاکہ انہیں وہ معلومات فراہم کر سکیں جو کہ انہیں کسی طوفان سے قبل، اس دوران اور بعد ازاں درکار ہوتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ، سماجی سائنسدان اور سافٹ ویئر ڈویلپرز بہتر طریقہ جات اور ابلاغی حکمت عملیاں وضع کریں گے۔ البانی میں واقع ہونا، ہمیں اس قابل کرتا ہے کہ طلباء کے ایک جامع انٹرن شپ پروگرام کے ذریعے سے ماہرین کی اگلی نسل کو تربیت دے سکیں۔"

ریاست نیو یارک میں وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "چونکہ موسمیاتی تبدیلی کے سبب شدید موسمی حالات کی کثرت اور شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، ایسے میں ریاستِ نیو یارک میں ہم وقت کی ضرورت سے نمٹنے کے لیے اپنی تیاریوں، ردعمل کی صلاحیتوں اور اپنی لچک میں مضبوطی لا رہے ہیں۔ تیاریوں اور ہنگامی ردعمل کے ضمن میں گورنر Hochul کی قیادت، البانی میں موجود ہمارے شراکت داروں کی مہارت، اور قومی موسمی خدمت کے ساتھ ہماری پہلے سے جاری اہم شراکت داری کے لیے شکریہ کہ جن کی بدولت، یہ نیا مرکز نہ صرف ہمیں سنگین موسمی کیفیات میں بہترین فیصلے کرنے میں مدد دے گا بلکہ اس موسم سے وابستہ خطرات کے بارے میں عوام الناس سے بہتر ابلاغ کی صورت میں زیادہ اہم مدد بھی فراہم کرے گا۔"

یہ مرکز البانی کی ETEC عمارت کے اندر واقع ہو گا، جو NWS اور البانی کے ماحولیاتی سائنس کے تحقیقی مرکز (Atmospheric Sciences Research Center) سمیت ہمارے ملک میں ماحول اور موسمی محققین کے وسیع ترین گروہوں میں سے ایک کا مرکز بھی ہے۔ حکمت عملی کے تحت، NWS کے البانی آفس کے برابر میں واقع ہونے کے علاوہ، یہ مرکز ETEC میں پہلے سے موجود کلیدی وسائل سے بھی فائدہ اٹھائے گا، بشمول:

- xCITE (انتہائی تعاون، ایجاد اور ٹیکنالوجی، ExTREME Collaboration, Innovation, & Technology) لیبارٹری، جو ڈیٹا اور ویژوئل اینالٹکس کا ایک جدید ترین مرکز ہے جو کہ سنگین موسمی واقعات میں مرکز کی کارروائیوں کے لیے ایک گڑھ کے طور پر کام کرے گی؛
- ریاستِ نیو یارک کا میزونیٹ، جو کہ ریاستی سطح پر واقع ملک کا جدید ترین موسمی نیٹ ورک ہے، جسے البانی نے ریاست کی جانب سے ETEC میں تعمیر کیا اور اسے چلاتی ہے؛ اور
- البانی کالج برائے ہنگامی تیاریاں، وطن کی سلامتی اور سائبر سیکیورٹی میں واقع متعلقہ مہارتیں۔

ریاستِ نیو یارک کی جانب سے سالانہ 1.5$ ملین کی سرمایہ کاری تقریباً 10 کل وقتی آسامیوں، ہفتہ وار طلبہ کی ملازمت اور انٹرن شپ مواقع کی مالی اعانت کرے گی، اور اس کے ساتھ میزونیٹ کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ نئے ڈیٹا کمپیوٹنگ پراڈکٹس خریدی جا سکیں اور مرکز کے کارروائی کے مرکز کے لیے سازوسامان کو خریدا جا سکے۔

ریاستی مرکزِ ابلاغ برائے موسمی خطرات 3$ ملین کی وفاقی گرانٹ کے متوازی کام کرے گا جو کہ یونیورسٹی کی جانب سے سنگین موسمی کیفیات میں ہنگامی تیاریوں اور ردعمل کے لیے میزونیٹ کے استعمال (Exploitation of Mesonets for Emergency Preparedness and Response in Weather Extremes، EMPOWER) کے منصوبے کی مالی اعانت کے لیے حاصل کی گئی ہے۔

البانی کے موسمی سائنسدان اور کالج برائے ہنگامی تیاریاں، وطن کی سلامتی اور سائبر سیکیورٹی، EMPOWER یہ جائزہ لے رہے ہیں کہ نیو یارک میزونیٹ سے ملنے والے بروقت ڈیٹا اور دیگر جدید مشاہداتی نظاموں سے کیسے فائدہ اٹھایا جائے تاکہ ان نئے معاونتی ٹولز کے لیے جگہ تخلیق کی جا سکے جو کہ ہنگامی منتظمین، اولین ردعمل دہندگان اور دیگر کلیدی عوامی و نجی متعلقین کے لیے تشکیل دیے جا رہے ہیں۔ یہ پائلٹ پروجیکٹ جس کی امریکی محکمہ برائے وطن کی سلامتی کے سائنس و ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے معاونت کی جا رہی ہے، ایک ایسے علاقائی تجرباتی مرکز کے طور پر کردار ادا کرے گا، جہاں ریاست بھر میں ہنگامی انتظامی نتائج میں بہتری کے لیے ڈیٹا کی بھاری مقدار کے استعمال سے وابستہ فوائد کا جائزہ لیا جا سکے گا۔ SWRCC کے ذریعے، نیو یارک کے باشندگان EMPOWER کے ذریعے سے تحقیقی پیش رفتوں سے ہونے والے فوائد سے فیض یاب ہونے والے اولین باشندگان میں سے ایک بن جائیں گے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418